| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ______ |

سبق کا نام: پودے

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شناخت کر سکیں کچھ پودے بیج سے، کچھ جڑ سے اور کچھ تنے سے اُگتے ہیں۔
- پہنچان سکیں کہ مٹی، پانی، ہوا اور روشنی پودے کی نشوونما کے لیے ضروری ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ **فلیش کارڈز۔** ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پودے'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے مختلف پھولوں کی اشکال بنوائیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں اور اشکال بنانے میں ان کی مدد کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 36 سے 37 تک متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو متن کا حوالہ دیتے ہوئے بیج سے پودا بننے کا مرحلہ وار تصویری مشاہدہ کروائیں۔ انھیں بتائیں کون سے عوامل پودے کی نشوونما کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ جیسا کہ تصویر میں دیکھایا گیا ہے کہ جب مٹی میں بیج کو دبایا جاتا ہے تو اُسے پانی اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- مناسب دیکھ بھال اور ان عوامل کی موجودگی میں ایک بیج پودے میں نشوونما پاتا ہے۔
- طلبہ کو مزید بتائیں کہ کچھ پودے ایسے ہوتے ہیں جو جڑ کی بجائے تنے سے اُگتے ہیں۔ کیونکہ اُن کے بیج نہیں ہوتے۔ مثلاً آلو اور گنا وغیرہ۔

- طلبہ کو بتائیں یہ جتنے بھی پودے ہیں سب کو روشنی اور پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس طرح انسانوں کو زندہ رہنے کے لیے ہوا، پانی اور خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُسی طرح پودوں کو ہوا، پانی، مٹی اور سورج کی روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ان میں سے کوئی ایک چیز بھی میسر نہ ہو تو پودے مرجھا جاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں پودے ہمیں خوراک مہیا کرتے ہیں۔ ہمارے ماحول کو خوب صورت بناتے ہیں۔ پودے آب و ہوا کو تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مشاہدہ کرنا | مُ۔شَ۔ہَ۔دَہ | تجربہ/معائنہ |
| نشوونما | نشوونما | پھلنا پھولنا/بڑھنا |
| ضرورت | ضَ۔رُو۔رَت | طلب/حاجت |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کا خلاصہ پیش کریں اور طلبہ سے کہیں کہ سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

بچوں سے بیج، جڑ اور تنے سے اُگنے والے پودوں کی مثالیں پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے گروہ بنائیں اور ایک گروہ سے کہیں کہ وہ جڑ سے پودا بننے والے عمل پر بات کریں اور دوسرا گروہ بیج سے پودا بننے والے عمل پر بات کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پودے |

بیج سے پودا بننے کی عملی سرگرمی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: پودے

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- موسمیاتی تبدیلی میں پودوں کی اہمیت واضح کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پودے'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

طلبہ سے پودوں کے مختلف حصوں کے نام اور ان کے کام پوچھیں۔

طلبہ سے جڑ، تنا اور پتوں سے اگنے والے پودوں کی مثالیں پوچھیں۔

طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پودوں اور درختوں کے بہت سے فائدے ہیں۔
- طلبہ کو پودوں اور درختوں کے فوائد سے آگاہ کریں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 37 کھولیں۔ طلبہ سے (پودوں اور درختوں کی اہمیت) پڑھوائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے کبھی پودوں سے کوئی فائدہ حاصل کیا۔ باری باری ان سے ان فوائد کے بارے میں پوچھیں۔
- طلبہ کو بتائیں درخت اور پودے ماحول کو صاف اور خوش گوار بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

- درختوں اور پودوں کی ہماری زندگی میں بہت اہمیت ہے۔ یہ ہمیں آکسیجن مہیا کرتے ہیں جو سانس لینے میں مدد دیتے ہیں۔
- درختوں سے ہمیں لکڑی حاصل ہوتی ہے۔
- انھیں بتائیں درجہ حرارت کو کم کرنے میں درخت اور پودے مدد دیتے ہیں۔
- درخت پرندوں اور جان وروں کو خوراک مہیا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ زیادہ پودے لگائیں تاکہ ہم ان سے فائدہ اُٹھا سکیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| خوش گوار | خُ۔و۔ش۔گ۔وار | پسندیدہ |
| سرگرمی | س۔ر۔گ۔ر۔می | کوشش |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کا خلاصہ پیش کریں اور طلبہ سے کہیں کہ سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پودوں اور درختوں کے فوائد پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ اپنے ہم جماعت ساتھیوں سے درختوں اور پودوں کے فائدوں پر بات کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

**سبق کا نام: پانی (دہرائی)**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پانی کے روزمرہ استعمال کے بارے میں جان سکیں۔
- اپنے گرد و نواح میں پانی کے اہم ذرائع کی شناخت کر سکیں اور ان کی اہمیت بیان کر سکیں۔
- جان سکیں کہ قدرتی پانی ہمارے گھروں تک کیسے پہنچتا ہے؟
- جان سکیں کہ صاف پانی پینے اور کھانا پکانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
- سمجھ سکیں کہ پانی کو چھاننا اور اُبالنا پانی صاف کرنے کے طریقے ہیں۔
- جان سکیں کہ پاکستان کے کچھ علاقوں میں پانی کی کمی رہتی ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں۔ آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیئے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔ ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

## اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
| --- | --- |

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: پانی (دہرائی) |
| --- | --- | --- |

سوال 1: پانی کا روزمرہ استعمال بتائیں۔

| | |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |

سوال 2: پانی کی اہمیت پر نوٹ لکھیں؟

جواب:__________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________

____________________________________________________________